إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

من تالیف جناب مولانا واقف اسرار [illegible] صاحب دام اللہ فیضہم

رسالہ

ارشاد المنطق

سنہ ۱۳۳۴

مطبع دبدبہ سکندری ریاست رامپور میں چھپا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذہن مین جو آئے اوسکا علم ہے منطق مین نام
قسم دو اوسکی تصوّر اور تصدیق اے ہمام

ہو اگر بے حکم تو اوسکو تصوّر جان لو
حکم کے ہو ساتھ اگر تو اوسکا ہے تصدیق نام

ہر تصوّر اور ہر تصدیق کی ہین قسم دو
قسم اول ہے بدیہی دوسری نظری بنام

ہو اگر بے فکر کے حاصل بدیہی اوسکو مان
اور جو ہو فکر سے حاصل تو نظری اوسکا نام

ہے بدیہی کا ضروری نام بھی اے باذکا
جسطرح نظری کا کسبی دوسرا منطق مین نام

فکر کے معنی ہین معلومات مین ترتیب لیکہ
اسطرح جس سے کہ ہو کہ مجہول معلوم اے ہمام

یعنی مطلوب ۱۲

پھر وہ معلومات اگر ہو وین تصور ای عزیز	تو معرّف قولِ شارح اسکا ہی منطق مین نام
اور اگر ہووین وہ معلومات تصدیق ای اخی	تو دلیل حجت اوسے کہتے ہین منطق مین تمام

تعریف واقسام جزئی وکلی

مانعِ شرکت جو ہو ہین الکثیرین ای پسر	ہی وہی جزئی حقیقی ورنہ کلی اوسکا نام
قسم دو جزئی کی ہین اور پانچ کلی کی فقط	جنس و نوع و فصل ذاتی عرضی خاصہ عرض عام
نوع ہی جزئی اضافی زید حقیقی کی مثال	جسم وانسان ناطق وضاحک وماشی علام
جو حقائق مختلف پر ہو محمول ہی وہ جنس	متفق پر ہو اگر محمول تو ہے نوع عام
جنس و نوع سائل کی ما ہو کا ہوتے ہین جواب	جو جواب اصلا نہ واقع ہو تو ہی بس عرض عام
فصل وہ کلی ہی جو ہووے ممیز بے خلاف	مشتبارک جنس سی یا بعض سے اے نیکنام
مشتبارک سی ممیز ہو تو ہے فصل قریب	بعض سی ہووے ممیز تو بعید اوسکا ہے نام
ای شی ہو فی ذاتہ کا بھی ہوگا جواب	ای شی ہو فی عرضہ کا ہو تو خاصہ نام

یعنی خاص اک ماہیت کیساتھ ہو تو خاصہ جان	عام ہو تو نام اوس کلّی کا ہیگا عرض عام
ہیں مراتب جنس کے جوہر سے لی حیوان تک	نوع کی انسان سی تا جسم مطلق اے ہمام
قُرب بُعد اجناس کا اُنکے مراتب سے سمجھ	اور مراتب علو و سفل جنس و نوع اے نیکنام
جو مقوّم جنس عالی کا ہو سافل کا بھی ہے	عکس اسکا ہو نہیں سکتا کبھی اے بو الکرام
حال ہو لیکن مقسّم کا مقوّم کے خلاف	نقشہ ترتیب سے حل کر مطالب یہ تمام

نقشہ ترتیب اجناس و انواع

اسماء		اجناس و انواع		تعریفات	امثلہ
جنس عالی و جنس الاجناس	ترتیب اجناس ۱	جوہر		قائم بالذات	عقول و مجردات
جنس متوسط و نوع عالی	۲	جسم مطلق	۴	جوہر قابل ابعادِ ثلثہ یعنی طول عرض عُمق	حجر و مدر
جنس متوسط و نوع متوسط	۳	جسم نامی	۳	جوہر جسم نمو دارندہ یعنی بڑھنے والا	شجر و نبات
جنس سافل و نوع متوسط	۴	حیوان	۲	جوہر جسم نامی حساس متحرک بالارادہ	فرس و غنم و بقر و حمار
نوع سافل و نوع الانواع		انسان	ترتیب انواع ۱	حیوان ناطق	زید و عمرو و بکر و خالد

اقسام دلالت

چھ ہین اقسامِ دلالت علم منطق مین تمام	وضعی۔ طبعی۔ عقلی لفظی غیر لفظی ہی بہام
معتبر ان چھ سی فن مین وضعی لفظی ہی فقط	تین قسم اسکے مطابق اور تضمن التزام
پورے معنی پر دلالت لفظ کے ہووے اگر	تو مطابق رکھتے ہین سب اہل منطق اسکا نام
معنی موضوع لہ کے جزء پر دلالت لفظ کی	ہی تضمن اور خارج لازمی پر التزام

اقسامِ معرّف و قول شارح

چار قسمین قول شارح کی معرف جانلو	حدِّ تام و حدِ ناقص۔ رسم ناقص۔ رسم تام

مباحثِ تصدیقات

قول وہ جملہ ہو جو ایسا جسکے قائل کو نام	کہہ سکین صادق و کاذب ہی قضیہ اوسکا نام
معنی محکوم علیہ محکوم بہ نسبت و حکم	ہے ضرور ہر قضیہ مین ان چار کا ہونا مدام

شک کی صورت مین ہو ظاہر فرق نسبت حکم کا
کیونکہ نسبت ہی یہان پر حکم مفقود ای غلام

اقسام قضیہ

تین ہین قضیہ کی قسمین اولاً حملیہ جان
شرطیہ متصلہ دویم سوم کا منفصلہ نام

تعریف حملیہ و متصلہ و منفصلہ

ہون اگر طرفین مفرد خواہ حقیقی یا بحکم
ہے وہی حملیہ ایجاباً و سلباً اے ہمام

جو نہ ایسا ہو تو حکم اتصالی ہو اگر
ہے وہ ثانی (متصلہ) انفصالی ہو تو ثالث (منفصلہ) لا کلام

حملیہ کی دو طرف موضوع و محمول ہین مگر
شرطیہ مین ہین مقدم اور تالی انکا نام

دال جو نسبت پہ ہووے لفظ تو ہے رابطہ
ہو عربی فارسی است ہندی مین ہے ربط عام

اقسام حملیہ

حملیہ کی قسم ہین پھر مین اول شخصیہ
مہملہ محصورہ اور یہ چار ہین اے نیکنام

قضیہ اور نقیض و موجہہ کی بحث طول
مبتدی کی فہم کے لائق نہین ہین یہ مقام

اقسام حجت

قسم تین حجت کی ہین جنمین سے اول ہے قیاس ہے قیاس اقترانی چار شکلین بے خلاف		دوم استقرا سوم تمثیل النبیذ حرام لانہ مسکر وکل مسکر حرام مبحث تصدیق اجمالاً ہوے سارے تمام

ہو سدا اختم رسولان پر درود حق کا دور
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۱۲
اور تسلسل آل اور اصحاب پر ثابت مدام

اشتہار بعض تصانیف حضرت مولانا محمد سلامت اللہ صاحب قبلہ دام ظلہم

۱- اللؤلؤ المکنون فی احکام فونوگراف وگراموفون۔

اس رسالہ مین ستر دلیلون سے ثابت کیا ہے کہ قرآن شریف کا گراموفون مین بھرنا جائز نہ کسی مسلمان کو اوس سے قرآن مجید کا سننا جائز اور اوسکے اخیر مین مولانا احمد رضا خانصاحب بریلوی کی بھی ایک تحریر بطور تقریظ وتحقیق حکم اسباب مین اضافہ

ہی قیمت ۸ر

۲- تحفۂ منصفیہ- اس رسالہ مین بارہ ۱۲ آیتون قرآن شریف اور ستر ۷۰ حدیثون سے یہ امر ثابت اور محقق فرمایا ہی کہ سب مردے سنتے ہین اور انکے واسطے حیات برزخی اور شعور وادراکات کامل ہین قیمت ۶ر

۳- اوضح البراہین علی عدم جواز الصلوٰۃ خلف غیر المقلدین- اس رسالہ مین غیر مقلد کی امامت ناجائز ہونے پر بتیس ۳۲ دلیلین قوی مذکور ہین- آیات و احادیث و روایات فقہ سے- اور غیر لامذہب کے بعضے عقائد باطلہ و اعمال فاسدہ بھی ان دلائل کے ضمن مین مسطور ہین- قیمت ۴ر

۴- رسالہ مہر صمدانی المعروف بہ ام سرعۃ فی حکم البعثت- قادیانیون کا رد ہی اور انکے کفر پر علماء دین کا فتوی ہی قیمت صرف آدھ آنہ کا ٹکٹ آنے پر روانہ کیا جائیگا جن صاحبون کو ان رسالون کے مطالعہ کا شوق ہو ذیل کے پتہ سے طلب فرماوین

المشتہر ابو القاسم محمد اللہ نبیرہ حضرت مولوی محمد یوسف صاحب ساکن بارا پیلو محلہ چاہ شور